© rasailojaraid.com



**رسالہ: القاری        مرتب: حبیب الرحمٰن**

ضخامت: 32 صفحات     ملنے کا پتہ: جامعہ صدیقیہ۔ توحید پارک، گلشن راوی۔ لاہور

آج کل دنیا میں ہر موضوع پر کتابیں میں موجود ہیں۔ سائنس، ٹیکنالوجی، دنیاوی علوم وفنون، تعلیم، کھیل پر رسائل و جرائد کی بھرمار ہے۔ الحمدللہ قرآن وحدیث فقہ پر بھی بے شمار اصحاب خیر نے قلم اٹھایا ہے۔ مگر تجوید وقرأت کے حوالے سے مرتب کی یہ کوشش قابلِ داد ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ''القاری'' کو تواتر کے ساتھ شائع کیا جائے گا جس میں علم تجوید وقرأت کے بارے میں مفید معلومات، مضامین شائع کئے جاتے رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ اس ارادے میں اُن کا حامی وناصر ہو۔ (آمین)

**مقالہ: ''علماء دیوبند اور مطالعۂ مسیحیت''        مقالہ نگار: سفیر اختر**

ضخامت: 40 صفحات     قیمت: 50 روپے     ناشر: دارالمعارف، لوہسر شرقو (واہ کینٹ)

''درفیض وا ہے، آئے جس کا جی چاہے        نہ آئے، آتش دوزخ میں جائے جس کا جی چاہے
معاذ اللہ! فرزندِ خدا کہتے ہیں عیسیٰ کو        تو دادا کون ہے اُس کا؟ بتائے جس کا جی چاہے

علماء دیوبند کی طرف سے مطالعۂ مسیحیت کے عنوان پر جو تحریری سلسلہ شروع کیا گیا اور پھر مسلسل اُن کی طرف سے، عیسائی پادریوں کا تعاقب کیا گیا۔ مناظرہ، تقریر او تحریر ہر میدان میں دیوبند مکتبِ فکر کے علماء نے جس طرح فتنۂ عیسائیت کی بیخ کنی کی، مقالہ نگار نے پوری شرح وبسط کے ساتھ اس کا احاطہ کیا ہے۔ گویا کوزے میں دریا بند کر دیا ہے۔ مولانا آل حسن موہانی، مولانا رحمت اللہ کیرانوی اور ڈاکٹر وزیر خان نے برصغیر میں مطالعۂ مسیحیت کی جو روایت قائم کی، علماء دیوبند نے اسے بڑے زور شور سے جاری رکھا۔ بڑی تعداد میں مضامین لکھے۔ مقالہ زیر بحث میں، اسی موضوع کا احاطہ کیا گیا ہے۔ دورنگا ٹائٹل، آرٹ کارڈ اور کاغذ دبیز سفید استعمال کیا گیا ہے۔




**جریدہ: ماہنامہ ''الاسلام'' کراچی     مدیر: مشتاق احمد قریشی**

قیمت: 15 روپے        رابطہ دفتر: احمد چیمبر ڈاکٹر بلمو ریا سٹریٹ آئی آئی چندریگر روڈ۔ کراچی

80 صفحات پر مشتمل یہ پرچہ، معیاری طباعت اور اچھے کاغذ پر، خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ شائع کیا جارہا ہے۔ پرچے کی ترتیب سے ہی بڑی نفاست اور محنت ٹپکتی ہے۔ دوسرے دینی، علمی، اصلاحی مضامین کے ساتھ ساتھ اس میں ڈاکٹر ابوالخیر کشفی کا مضمون ''صدا یہ آرہی ہے آسمان سے'' قابل ذکر ہے جو واقعی قرآنی جواہر پاروں سے مزّین ہوتا ہے۔ اس میں دوسرا قابل ذکر سلسلہ ''ہمارے دینی رسالے اور مجلّے'' ہے۔ جسے رسالے کے مدیر جناب مشتاق احمد قریشی خود ترتیب دیتے ہیں۔ بہت ہی قابل تحسین سلسلہ ہے کہ عام قارئین میں دینی رسائل و جرائد کی تشہیر وتعارف کا باعث ہے۔ جریدے کی قیمت 15 روپے جبکہ زرتعاون سالانہ 150 روپے بے حد مناسب ہے۔

(تبصرہ: ابوالادیب)

© rasailojaraid.com